THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Friday, the June 25, 2021
(312th Session)
Volume VII, No.08
(Nos. 01-08)

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad

Volume VII SP.VII (08)/2021
No.08 15

Contents

1. Recitation from the Holy Quran 1
2. Leave of Absence 2
3. Points raised by Senator Syed Yousuf Raza Gillani, Leader of the Opposition regarding House Business and Strike by Oil Tankers Association 2
   - Senator Dr. Shahzad Waseem, Leader of the House 3
4. Request for a Judicial Inquiry by Senator Sardar Muhammad Shafiq Tareen after the death of Senator Usman Khan Kakar 4
   - Senator Syed Yousuf Raza Gillani, Leader of the Opposition 6
   - Senator Muhammad Azam Khan Swati, Minister for Narcotics Control 7
5. Presentation of Report of the Standing Committee on Power regarding the Regulation of Generation, Transmission and Distribution of Electric Power (Amendment) Bill, 2021 8
6. Presentation of Report of the Standing Committee on Interior regarding the Islamabad Rent Restriction (Amendment) Bill, 2020 9
7. Introduction of the National Vocational and Technical Training Commission (Amendment) Bill, 2021] 9
8. Fateha 9
9. Introduction of the Hyderabad Institute for Technical and Management Sciences Bill, 2021 10
10. Introduction of the National College of Arts Institute Bill, 2021 10
11. Introduction of the Pakistan Academy of Letters (Amendment) Bill, 2021 11
12. Introduction of the Loans for Agricultural, Commercial and Industrial Purposes (Amendment) Bill, 2021 11
13. Introduction of the Financial Institutions (Secured Transactions) (Amendment) Bill, 2021 12
14. Introduction of the SBP Banking Services Corporation (Amendment) Bill, 2021 12
15. Introduction of the Companies (Amendment) Bill, 2021 13
16. Introduction of the Corporate Restructuring Companies (Amendment) Bill, 2021 13
17. Introduction of the Global Change Impact Studies Centre (Amendment) Bill, 2021 14
18. Introduction of the Protection of Communal Properties of Minorities (Amendment) Bill, 2021 14
19. Introduction of the Islamabad Capital Territory Charities Registration, Regulation and Facilitation Bill, 2021 15
20. Introduction of the COVID-19 (Prevention of Hoarding) Bill, 2021 16
21. Introduction of the Port Qasim Authority (Amendment) Bill, 2021 16

22. Introduction of the Pakistan National Shipping Corporation (Amendment) Bill, 2021 17
23. Introduction of the Gwadar Port Authority (Amendment) Bill, 2021 17
24. Introduction of the Maritime Security Agency (Amendment) Bill, 2021 18
25. Introduction of the Al-Karam International Institute Bill,2021 18
26. Further discussion on the Budget 2021-22 20
- Senator Syed Faisal Ali Subzwari 20
- Senator Mushahid Hussain Sayed 28
- Senator Muhammad Abdul Qadir 35
- Senator Muhammad Azam Khan Swati, Minister for Railways 40
- Senator Mian Raza Rabbani 43
- Statement by Mr. Shaukat Fayyaz Ahmed Tarin, Minister for Finance on the Finance Bill, 2021-22 50

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Friday, the June 25, 2021

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty six minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Muhammad Sadiq Sanjrani) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

وَ اَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَ زِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّ اَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿۳۵﴾ وَ لَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنَّ السَّمْعَ وَ الْبَصَرَ وَ الْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔوْلًا ﴿۳۶﴾ وَ لَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَ لَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ﴿۳۷﴾ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ﴿۳۸﴾

ترجمہ: اور جب (کوئی چیز) ماپ کر دینے لگو تو پیمانہ پورا بھرا کرو اور جب تول کر دو۔ تو ترازو سیدھی رکھ کر تولا کرو۔ یہ بہت اچھی بات اور انجام کے لحاظ سے بھی بہت بہتر ہے۔ اور (اے بندے) جس چیز کا تجھے علم نہیں اس کے پیچھے نہ پڑ کہ کان اور آنکھ اور دل ان سب (جوارح) سے ضرور باز پرس ہو گی۔ اور زمین پر اکڑ کر (اور تن کر) مت چل تو زمین کو پھاڑ تو نہیں ڈالے گا اور نہ لمبا ہو کر پہاڑوں (کی چوٹی) تک پہنچ جائے گا۔ ان سب (عادتوں) کی برائی تیرے پروردگار کے نزدیک بہت ناپسند ہے۔

سورۃ بنی اسرائیل آیات (35تا37)

Leave of Absence

جناب چیئرمین: السلام علیکم۔ آپ سب کو جمعہ مبارک ہو۔ اب leave applications لیتے ہیں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر پروفیسر ساجد میر صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بناپر آج مورخہ 25 جون کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر فاروق حامد نائیک صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بناپر مورخہ 24 اور 25 جون کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے کیونکہ انہوں نے عدالت جانا تھا۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر حافظ عبدالکریم صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بناپر آج مورخہ 25 جون کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر مشتاق احمد صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بناپر آج مورخہ 25 جون کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جی قائد حزب اختلاف صاحب۔

Points raised by Senator Syed Yousuf Raza Gillani, Leader of the Opposition regarding House Business and Strike by Oil Tankers Association

سینیٹر سید یوسف رضا گیلانی (قائد حزب اختلاف): جناب چیئرمین! ہم نے کل یہاں کافی دیر تک session کیا اور اس وقت بھی کوئی indication نہیں تھی کہ کسی قسم کے ایجنڈے پر کوئی بات ہو گی۔ رات کو 12 بجے ہمیں اطلاع ملی کہ 40 items آ گئے ہیں، اب آپ خود سوچیں کہ کوئی بھی average normal human being 40 items کی تیاری کر سکتے ہیں

اور یہاں پر جو employees and officers کام کرتے ہیں وہ بے چارے سارا دن کام کرتے ہیں اور رات کو 12 بجے پھر ہم انہیں کہتے ہیں کہ ہمارے ساتھ بیٹھ کر کام کریں۔ اس لیے کم از کم اتنا ضرور کریں کہ اگر کوئی چیز ایجنڈے پر لے کر آنی ہے تو ہمیں دو دن تو دیں تاکہ ہم بھی کچھ دیکھ سکیں۔۔۔

جناب چیئرمین: گیلانی صاحب، گزارش یہ ہے کہ آپ صحیح فرما رہے ہیں۔ ایک تو یہ سارے کمیٹیوں میں جائیں گے، دوسرا یہ کہ آج last working day ہے اور کمیٹیاں اپنا کام کریں کیونکہ دو ماہ سے کام نہیں ہوا تھا۔ اس کے علاوہ جب رات کو اجلاس ختم ہوتا ہے تو Government اگلے دن کا agenda دیتی ہے، ہم تو پابند ہیں۔

سینیٹر سید یوسف رضا گیلانی: چیئرمین صاحب دیکھیں، صرف یہ بات ہے کہ we will refer it to the Committee and I will convince my Members کہ آپ relax ہوں کیونکہ یہ کمیٹی میں چلا جائے گا۔ This is not the answer, ہمیں زیادہ وقت دینا چاہیے اور میں ایک point of order پر بات کرنا چاہوں گا کیونکہ آج Ministers بیٹھے ہیں، oil tankers are on strike for the last two/ three days اور آج یہاں آنے سے پہلے میں T.V پر دیکھ رہا تھا کہ شاید ہم مذاکرات کریں گے، مگر جب shortage ہو گی تو آپ اس مہنگائی کو کیسے کنٹرول کر سکیں گے، when we are discussing budget تو ایسی چیزوں کو بہت جلد take-up کرنا چاہیے، اس پر جب delay ہو گا

that will be out of control. Thank you very much.

جناب چیئرمین: Leader of the House جی۔

Senator Dr. Shahzad Waseem, Leader of the House

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم (قائد ایوان): جناب آپ نے خود بھی ایجنڈے کے بارے میں فرما دیا ہے اور مجھے Leader of the Opposition کا بڑا احترام ہے، گزارش یہ ہے کہ اس اجلاس کا آج last day ہے اور اس کے بعد ایک لمبی recess ہے، ہم تو چاہتے ہیں کہ ہماری جو کمیٹیاں ہیں وہ کام کریں، legislation جو کہ اس ایوان کا اصل کام ہے اور اس کی جو روح ہے وہ کمیٹیوں کا کام ہے، گزارش یہ تھی کہ یہ اس لیے ایجنڈے پر لانا پڑا تاکہ یہ یہاں سے کمیٹیوں کو refer

ہو جائے اور اس recess کے دوران کمیٹیاں اپنا کام کرتی رہیں، انہیں وقت بھی ملے تاکہ وہ زیادہ بہتر طریقے سے کام کر سکیں وہاں پر جو ترامیم لانی ہیں اور کمیٹیاں ایک ایسا forum ہے جہاں پر ہماری جتنی بھی سیاسی جماعتیں ہیں ان سب کی وہاں پر representation ہے اور ہم امید رکھتے ہیں کہ جیسا ہم نے recent past میں دیکھا کہ اچھا کام ہوا، وہاں اور بھرپور کام ہو سکے اور اچھے طریقے سے بل تیار کر کے ایوان میں لائیں اور پھر اس پر debate ہو سکے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ رضا صاحب اس طرح تو پھر debate شروع ہو جائے گی، ابھی مجھے بل لینے دیں۔ رضا صاحب میری گزارش ہے، آج میری آپ سے پہلی دفعہ گزارش ہے، آپ کی گزارشات ہمیشہ مانتے رہے ہیں، چلیں بیٹھ جائیں۔ میں یہ بل لینے کے بعد آپ کو وقت دوں گا۔ سینیٹر سردار محمد شفیق ترین صاحب۔

Request for a Judicial Inquiry by Senator Sardar Muhammad Shafiq Tareen after the death of Senator Usman Khan Kakar

سینیٹر سردار محمد شفیق ترین: جناب چیئرمین! شکریہ، کہ آپ نے مجھے floor دیا، میں آپ کے سامنے کچھ ضروری گزارشات رکھوں گا۔ آپ کا اور اس ایوان میں بیٹھے سب لوگوں کا شکریہ کہ آپ لوگوں نے عثمان خان کاکڑ صاحب کی شہادت پر resolution pass کی اور سارے ایوان نے اس پر تقریباً دو گھنٹے تک debate کی تھی، چونکہ میں یہاں پر نہیں تھا، میں عثمان خان کاکڑ صاحب کے ساتھ ہسپتال گیا تھا جہاں پر آپ بھی آئے تھے۔ اس حوالے سے جناب چیئرمین آپ کی اجازت سے میں دو منٹ لوں گا۔

جناب چیئرمین! 17 جون کو دن کے پانچ سے چھ بجے کے دوران عثمان خان کاکڑ صاحب اپنے گھر واقعہ شہباز ٹاؤن کوئٹہ میں زخمی حالت میں پائے گئے تھے۔ اس کے بعد ان کے گھر والوں نے اور آس پاس کے ہمسائیوں نے انہیں وہاں پر ایک private hospital shift کیا، وہاں پر ڈاکٹروں نے جب ان کی حالت دیکھی تو انہوں نے کہا کہ انہیں ایک severe head injury آئی ہے اور internal bleeding ہو رہی ہے۔ اس کے بعد انہوں نے ان کی internal bleeding کے سلسلے میں سرجری کی تھی۔ بعد میں ڈاکٹروں نے ان کے party members وغیرہ کو بتایا تھا کہ ان کی حالت بہت serious ہے۔ اس وقت ہم انہیں کراچی

لے جانے کے لیے بھی recommend نہیں کر سکتے ہیں۔ شام کو بلوچستان ہائی کورٹ کے Chief Justice جمال مندوخیل صاحب اور ہاشم خان کاکڑ صاحب آئے، انہوں نے اگلے روز ڈاکٹروں کی ٹیم، ان کے خاندان کے لوگوں اور ان کی جماعت کے نمائندوں کو بلایا اور سب نے یہ فیصلہ کیا کہ ہم انہیں آغا خان ہسپتال کراچی منتقل کر دیں۔ اگلے روز ہم نے انہیں air ambulance کے ذریعے آغا خان ہسپتال کراچی منتقل کیا۔ میں یہاں سے وہاں چلا گیا اور محترمہ شیریں رحمٰن صاحبہ سے گزارش کی تھی وہ سندھ حکومت کو arrangement کے لیے بتا دیں، انہوں نے وہاں پر arrangement کی تھی، ہم ان کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں۔ آغا خان ہسپتال میں Secretary Health, Deputy Commissioner, سندھ کے وزراء اور چیئرمین صاحب آپ بھی تشریف لائے تھے۔ اگلے روز جب ڈاکٹروں نے ان کے مزید test کیے تو اس میں یہ بات declare ہوئی کہ ان کے دماغ کو blood supply 100% dead ہے اور انہیں جو چوٹ آئی ہے وہ اتنی شدید ہے کہ اگر آپ کسی بندے کو دس منزلہ عمارت سے سر کے بل گرائیں اور اس کے اندر بہت زیادہ damages ہوئے ہیں۔ ایسا simple نہیں لگ رہا جیسا کہ پہلے کہہ رہے تھے کہ brain haemorrhage ہوا ہے۔ بعد میں معلومات کی گئیں تو پتا چلا کہ ان کے گھر میں بھی دو تین بندے گھسے تھے، اس وقت گھر میں اور کوئی نہیں تھا صرف ان کی ایک بارہ سالہ بیٹی تھی، ملازم باہر گیا تھا اور گیٹ کھلا ہوا تھا، بہت سے سوالات اٹھ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! دوسری بات یہ ہے کہ عثمان خان کاکڑ صاحب نے اپنی آخری تقریر میں آپ کو مخاطب کر کے کہا تھا کہ مجھے threats مل رہے ہیں اور اگر کل کو میں نہیں رہا تو میری موت یا شہادت کو گم کھاتے میں نہ ڈالا جائے۔ ان کی تدفین کے بعد جب ان کا خاندان اور ہم سب فارغ ہوئے تو سب نے یہ فیصلہ کیا ہم نے حکومت سے یہ مطالبہ کرنا ہے کہ اس واقعہ کی judicial inquiry کروائی جائے اور ہمارے سینیٹ کے جو اراکین ہیں ان کے ذریعے سے inquiry کی جائے۔ وہ طبعی موت سے شہید نہیں ہوئے ہیں، عثمان خان کاکڑ کو شہید کیا گیا ہے۔ ہم اپنے تمام اراکین سے بھی گزارش کرتے ہیں کہ ہمارا جائز مطالبہ ہے، اگر ہمارا مطالبہ ناجائز ہے تو ہمیں بتا دیں کہ ہم غلط کہہ رہے ہیں۔ ان کے تمام معاملات اور ہم نے جو وہاں پر investigation کی تو ان کے family members نے کہا ہے کہ 100% انہیں کسی نے شہید کیا ہے۔ ہماری تمام اراکین

سے گزارش ہے کہ اس معاملے میں ہمارا ساتھ دیں، عثمان خان کاکڑ صاحب اس ایوان کے معزز رکن تھے، انہوں نے یہاں پر سب کے سامنے یہ کہا تھا کہ میرے ساتھ یہ ہونے والا ہے، یہ سب اس بات کے گواہ ہیں۔ اگر ہم ان کے لیے کچھ نہیں کر سکتے ہیں تو کل کو کوئی بھی کسی کے لیے کچھ نہیں کر سکے گا۔ ہماری گزارش ہے کہ اس معاملے پر ایک inquiry commission بنایا جائے جو کہ سپریم کورٹ کے ججز یا اس پارلیمان کے اراکین پر مشتمل ہو تاکہ اس واقعہ کی اصل وجوہات سامنے لائی جائیں۔ مہربانی جناب۔

جناب چیئرمین: Leader of the Opposition کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

Senator Syed Yousuf Raza Gillani, Leader of the Opposition

سینیٹر سید یوسف رضا گیلانی: جناب چیئرمین! کل رضا ربانی صاحب نے ایک lunch کا بندوبست کیا ہوا تھا، تمام سینیٹرز وہیں تھے اور بہت سے سینیٹرز کے ساتھ انہوں نے مجھے approach کیا اور کہا کہ اس issue کے لیے سینیٹ میں آپ سے گزارش کی جائے کیونکہ you hail from Balochistan. اس کے لیے آپ خود بھی گئے ہیں تو اس کے لیے ان کی جو تشنگی ہے، اس کو overcome کرنے کے لیے آپ کچھ کریں۔ مسلم لیگ سے جو ہمارے دوست تھے، پیپلز پارٹی سے تھے، میں نے کہا کہ میں بھی بات کروں گا but I will talk to my leadership as well. Then I went to Chairman Bilawal Bhutto sahib. میں نے ان سے کہا کہ ہو سکتا ہے کہ ہمارا سیشن آج ختم ہو جائے تو آپ اور شہباز شریف صاحب، لیڈر آف دی اپوزیشن مل کر اس کے لیے کوئی strategy بنائیں مگر since the matter has been raised and Federal Ministers are sitting تو ان کی بات بھی آپ سن لیں۔ میرے خیال میں ان کا جو ایک مطالبہ ہے، یہ جائز ہے۔ ایک چیز جو بڑھتی جائے گی، اسے ختم ہونا چاہیے۔ پتا ہونا چاہیے کہ اس کی کیا حقیقت ہے۔ آپ جو موزوں سمجھیں، اس کے لیے آپ proceed کریں۔

جناب چیئرمین: لیڈر آف دی ہاؤس پلیز۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: عثمان کاکڑ ہمارے ایک نہایت ہی محترم colleague تھے۔ جس دن یہ واقعہ ہوا، اس دن پورے ہاؤس نے ایک تعزیتی ریفرنس بھی کیا اور سب نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ تقریباً سب کے خیالات ان کی ذات کے متعلق، ان کے کردار کے متعلق ایک جیسے تھے۔

محترم شفیق ترین صاحب اس دن نہیں تھے، آج یہ یہاں پر موجود ہیں تو میں اس موقع کی مناسبت سے عثمان کاکڑ صاحب کی رحلت کے حوالے سے ان سے بھی personally اظہارِ تعزیت کرنا چاہوں گا۔

جناب! جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ یہ واقعہ بلوچستان میں پیش آیا تھا، بلوچستان حکومت نے اس میں بھرپور تعاون کیا۔ ہم خاص طور پر سندھ حکومت کے شکر گزار ہیں کہ سندھ حکومت نے خصوصی ایئر ایمبولینس بھیجی، ان کو سندھ لے جایا گیا، وہاں آغا خان ہسپتال میں ان کا علاج ہوا مگر وہ جانبر نہ ہوسکے۔ اس کے بعد وہاں پر سندھ حکومت نے ان کا پوسٹ مارٹم بھی کروایا۔ میں سمجھتا ہوں کہ بڑی اچھی بات ہے کہ وہاں ان کا پوسٹ مارٹم ہوا کیونکہ وہ ایک بنیادی دستاویز بنتی ہے اس حوالے سے کہ جن شکوک و شبہات کا یہاں پر اظہار کیا جارہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس پوسٹ مارٹم رپورٹ کو بھی دیکھ لیا جائے اور باقی یہ ہے کہ چونکہ law and order کا مسئلہ basically صوبائی ہوتا ہے، میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ شکوک و شبہات نہیں رہنے چاہییں کیونکہ یہ چیزیں پھر آگے چل کر haunt کرتی ہیں۔ جو بھی طریقہ کار بنتا ہے، اس حساب سے ان کی فیملی کی داد رسی ہونی چاہیے۔ اس میں تو کوئی ایسا مسئلہ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

Senator Muhammad Azam Khan Swati, Minister for Narcotics Control

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی (وزیر برائے ریلوے): شکریہ جناب۔ شفیق ترین صاحب نے جو بات کی ہے، پھر لیڈر آف دی اپوزیشن اور لیڈر آف دی ہاؤس نے جو کہا ہے، یہ اتنا سنجیدہ اور sensitive مسئلہ ہے کہ جس پر حکومت کو قطعاً کوئی اعتراض نہیں ہے۔ یہ تو ایک بڑی شخصیت تھی جس کے ساتھ یہ حادثہ پیش آیا، میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کے ہر شہری کے حوالے سے ہمارا یہ فرض ہے، اگر کوئی عام شہری بھی اس حالت میں اس دنیا سے رحلت کر جائے تو حکومت کا فرض ہے کہ یہ جو بھی avenue استعمال کرنا چاہیں، کریں۔ حکومت کو نہ صرف کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہیے بلکہ حکومت ان شاءاللہ، ان کے ساتھ ہر طرح کی معاونت کرنے کے لیے کھڑی ہے، اس لیے کہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہونا چاہیے۔ میرے خیال میں یہ ایک بہت sensitive مسئلہ ہے، میرے لیے، اس ایوان کے لیے اور دونوں طرف کی شخصیات کے لیے۔ میں زیادہ بات نہیں کرتا اور یہ نہیں

کہنا چاہتا کہ لاش کے اوپر سیاست ہونی چاہیے، میں یہ کہہ رہا ہوں کہ حکومت تیار ہے، جس طرح سے تسلی کرنا چاہیں اس کے لیے ہم ہر طرح کے resources دیں گے اور معاونت کریں گے۔ اس کے ساتھ سندھ اور بلوچستان کی حکومتوں نے جو اپنا فرض ادا کیا ہے، قائد ایوان نے تو کہہ دیا لیکن میں دوبارہ ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: تارڑ صاحب! اب اس پر سب لوگوں نے speech کرلی، بات بھی ہو گئی ہے۔ اس دن ہم نے اڑھائی گھنٹہ پورا سیشن اس پر چلایا، اب آپ نے جو issue raise کیا ہے، انہوں نے بھی accept کرلیا ہے۔ ہم لیڈر آف دی اپوزیشن اور لیڈر آف دی ہاؤس کے ساتھ بیٹھ کر اور حکومت کو بھی on board لے کر کوئی طریقہ بنائیں گے، ان شاء اللہ۔

Order No.2, Senator Saifullah Abro, Chairman, Standing Committee on Power may move the Order.

Presentation of Report of the Standing Committee on Power regarding the Regulation of Generation, Transmission and Distribution of Electric Power (Amendment) Bill, 2021

Senator Saifullah Abro: I, Chairman, Standing Committee on Power, present report of the Committee on the Bill further to amend the Regulation of Generation, Transmission and Distribution of Electric Power Act, 1997 [The Regulation of Generation, Transmission and Distribution of Electric Power (Amendment) Bill, 2021].

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.3 stands in the name of Senator Mohsin Aziz, Chairman, Standing Committee on Interior. On his behalf, Abro sahib may move the Order.

Presentation of Report of the Standing Committee on Interior regarding the Islamabad Rent Restriction (Amendment) Bill, 2020

Senator Saifullah Abro: On behalf of Senator Mohsin Aziz, Chairman, Standing Committee on Interior, I hereby present report of the Committee on the Bill further to amend the Islamabad Rent Restriction Ordinance, 2001 [The Islamabad Rent Restriction (Amendment) Bill, 2020].

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.4 stands in the name of Mr. Shafqat Mahmood, Minister for Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture. He may please move the Order.

Introduction of the National Vocational and Technical Training Commission (Amendment) Bill, 2021]

Mr. Shafqat Mahmood (Minister for Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture): I seek to move that the Bill to amend the National vocational and Technical Training Commission Act, 2011 [The National Vocational and Technical Training Commission (Amendment) Bill, 2021], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: Is it opposed? The Bill stands referred to the Standing Committee concerned.

Fateha

جناب چیئرمین: آج صبح ایف۔ سی کے جو لوگ ڈکی میں شہید ہوئے ہیں ان کے لیے دعا کر لیتے ہیں۔ مولانا عطاالرحمٰن صاحب دعا کریں۔

(اس موقع پر شہید ہونے والے ایف۔ سی کے جوانوں کے لیے دعائے مغفرت کی گئی)

Mr. Chairman: Order No.6 stands in the name of Mr. Shafqat Mahmood, Minister for Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture. He may please move the Order.

Introduction of the Hyderabad Institute for Technical and Management Sciences Bill, 2021

Mr. Shafqat Mahmood: Mr. Chairman, I seek to move that the Bill to provide for the establishment of Hyderabad Institute for Technical and Management Sciences as the degree awarding institute [The Hyderabad Institute for Technical and Management Sciences Bill, 2021], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: The Bill stands referred to the Standing Committee concerned. Order No. 8 stands in the name of Mr. Shafqat Mahmood, Minister for Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture. He may please move the Order.

Introduction of the National College of Arts Institute Bill, 2021

Mr. Shafqat Mahmood: Honourable Chairman, I seek to move that the Bill to reconstitute National College of Arts [The National College of Arts Institute Bill, 2021], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: The Bill stands referred to the Standing Committee concerned. Mr. Shafqat Mahmood, Minister for Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture may move Order No.10.

Introduction of the Pakistan Academy of Letters (Amendment) Bill, 2021

Mr. Shafqat Mahmood: Mr. Chairman, I seek to move that the Bill to amend the Pakistan Academy of Letters Act, 2013 [The Pakistan Academy of Letters (Amendment) Bill, 2021], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: The Bill stands referred to the Standing Committee concerned. Order No.12. Mr. Shaukat Fayaz Ahmed Tarin, Minister for Finance and Revenue, on his behalf Mr. Ali Muhammad Khan, Minister of State for Parliamentary Affairs, please move Order No. 12.

جناب علی محمد خان (وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور): شکریہ، جناب چیئرمین! میں Order No.12 move کرنے سے پہلے ایک دعا بھی کرنا چاہتا ہوں کہ رات کو خبر چل رہی تھی کہ مولانا فضل الرحمٰن صاحب بیمار ہیں، مولانا عطا الرحمٰن صاحب بھی تشریف فرما ہیں۔ میں اپنی، حکومت کی طرف سے، عمران خان صاحب اور پارلیمنٹ کی طرف سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت عطا فرمائے۔ (عربی)۔

جناب چیئرمین: آمین۔ اللہ انہیں صحت عطا فرمائے۔ جی۔

Introduction of the Loans for Agricultural, Commercial and Industrial Purposes (Amendment) Bill, 2021

Mr. Ali Muhammad Khan: Sir, I on behalf of Mr. Shaukat Fayaz Ahmed Tarin, Minister for Finance and Revenue want to move that the Bill further to amend the Loans for Agricultural, Commercial and Industrial Purposes Act, 1973 in its application to such areas in the Federation as are not included in any Province [The Loans for Agricultural, Commercial and Industrial Purposes

(Amendment) Bill, 2021], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: Is it opposed? No. The Bill stands referred to the Standing Committee concerned. Order No. 14. Mr. Shaukat Fayaz Ahmed Tarin, Minister for Finance and Revenue, on his behalf Mr. Ali Muhammad Khan, Minister of State for Parliamentary Affairs, please move Order No. 14.

Introduction of the Financial Institutions (Secured Transactions) (Amendment) Bill, 2021

Mr. Ali Muhammad Khan: Sir, I on behalf of Mr. Shaukat Fayaz Ahmed Tarin, Minister for Finance and Revenue want to move that the Bill to amend the Financial Institutions (Secured Transactions) Act, 2016 [The financial Institutions (Secured Transactions) (Amendment) Bill, 2021], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: Is it opposed? No. The Bill stands referred to the Standing Committee concerned. Order No.16. Mr. Shaukat Fayaz Ahmed Tarin, Minister for Finance and Revenue, on his behalf Mr. Ali Muhammad Khan, Minister of State for Parliamentary Affairs, please move Order No.16.

Introduction of the SBP Banking Services Corporation (Amendment) Bill, 2021

Mr. Ali Muhammad Khan: Sir, I on behalf of Mr. Shaukat Fayaz Ahmed Tarin, Minister for Finance and Revenue want to move that the Bill further to amend the SBP Banking Services Corporation Ordinance, 2001 [The SBP Banking Services Corporation (Amendment) Bill,

2021], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: Is it opposed? No. The Bill stands referred to the Standing Committee concerned. Order No. 18. Mr. Shaukat Fayaz Ahmed Tarin, Minister for Finance and Revenue, on his behalf Mr. Ali Muhammad Khan, Minister of State for Parliamentary Affairs, please move Order No. 18.

Introduction of the Companies (Amendment) Bill, 2021

Mr. Ali Muhammad Khan: Sir, I on behalf of Mr. Shaukat Fayaz Ahmed Tarin, Minister for Finance and Revenue want to move that the Bill further to amend the Companies Act, 2017 [The Companies (Amendment) Bill, 2021], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: Is it opposed? No. The Bill stands referred to the Standing Committee concerned. Order No. 20. Mr. Shaukat Fayaz Ahmed Tarin, Minister for Finance and Revenue, on his behalf Mr. Ali Muhammad Khan, Minister of State for Parliamentary Affairs, please move Order No. 20.

Introduction of the Corporate Restructuring Companies (Amendment) Bill, 2021

Mr. Ali Muhammad Khan: Sir, I on behalf of Mr. Shaukat Fayaz Ahmed Tarin, Minister for Finance and Revenue want to move that the Bill further to amend the Corporate Restructuring Companies Act, 2016 [The Corporate Restructuring Companies (Amendment) Bill, 2021], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: Is it opposed? No. The Bill stands referred to the Standing Committee concerned. Order No. 22. Ms. Zartaj Gul, Minister of State for Climate Change.

زرتاج صاحبہ! کدھر ہیں؟

جناب علی محمد خان: جناب والا! وہ آ رہی ہیں۔

Mr. Chairman: Please move Order No. 22.

Introduction of the Global Change Impact Studies Centre (Amendment) Bill, 2021

جناب علی محمد خان: جناب والا! آپ یہ سارا کچھ کمیٹی میں بھیج رہے ہیں، وہ اتنی محنت کرتی ہیں، اس والے کو تو pass کر دیں۔

Sir, I on behalf of Ms. Zartaj Gul, Minister of State for Climate Change want to move that the Bill to amend the Global Change Impact Studies Centre Act, 2013 [The Global Change Impact Studies Centre (Amendment) Bill, 2021], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

جناب چیئرمین: مجھے پتا ہے کہ شیری رحمٰن اسے آج ہی pass کر دیں گی۔

Is it opposed? No. The Bill stands referred to the Standing Committee concerned. Order No. 24. Mr. Noor-ul-Haq Qadri, Minister for Religious Affairs and Inter-faith Harmony, on his behalf Mr. Ali Muhammad Khan, Minister of State for Parliamentary Affairs, please move Order No. 24.

Introduction of the Protection of Communal Properties of Minorities (Amendment) Bill, 2021

Mr. Ali Muhammad Khan: Sir, I on behalf of Mr. Noor-ul-Haq Qadri, Minister for Religious Affairs and Inter-faith Harmony want to move that the Bill further to

amend the Protection of Communal Properties of Minorities Ordinance, 2001 [The Protection of Communal Properties of Minorities (Amendment) Bill, 2021], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: Is it opposed? No. The Bill stands referred to the Standing Committee concerned. Order No. 26. Sheikh Rashid Ahmed, Minister for Interior, on his behalf Mr. Ali Muhammad Khan, Minister of State for Parliamentary Affairs, please move Order No. 26.

Introduction of the Islamabad Capital Territory Charities Registration, Regulation and Facilitation Bill, 2021

جناب علی محمد خان: جناب والا! شیخ صاحب تو ملنگ آدمی ہیں ان کا Bill تو بالکل نہیں رکنا چاہیے۔

Sir, I on behalf of Sheikh Rashid Ahmed, Minister for Interior want to move that the Bill to regulate the Registration, Regulation and Facilitation of Charities in the Islamabad Capital Territory [The Islamabad Capital Territory Charities Registration, Regulation and Facilitation Bill, 2021], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: Is it opposed? No. The Bill stands referred to the Standing Committee concerned. Order No. 28. Sheikh Rashid Ahmed, Minister for Interior, on his behalf Mr. Ali Muhammad Khan, Minister of State for Parliamentary Affairs, please move Order No. 28.

Introduction of the COVID-19 (Prevention of Hoarding) Bill, 2021

Mr. Ali Muhammad Khan: Sir, I on behalf of Sheikh Rashid Ahmed, Minister for Interior want to move that the Bill to provide for the prevention of hoarding in respect of scheduled articles, in the wake of an emergent situation resulting from the outbreak of the Corona virus pandemic (COVID-19) [The COVID-19 (Prevention of Hoarding) Bill, 2021], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: Is it opposed? No. The Bill stands referred to the Standing Committee concerned.

آج سلیم صاحب نے سارےBills oppose کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

Order No. 30. Syed Ali Haider Zaidi, Minister for Maritime Affairs, on his behalf Mr. Ali Muhammad Khan, Minister of State for Parliamentary Affairs, please move Order No. 30.

Introduction of the Port Qasim Authority (Amendment) Bill, 2021

Mr. Ali Muhammad Khan: Sir, I on behalf of Syed Ali Haider Zaidi, Minister for Maritime Affairs want to move that the Bill further to amend the Port Qasim Authority Act, 1973 [The Port Qasim Authority (Amendment) Bill, 2021], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: Is it opposed? No. The Bill stands referred to the Standing Committee concerned.

(مداخلت)

آپ تشریف رکھیں، اس کے بعد آپ کی بات سنیں گے۔

Order No. 32. Syed Ali Haider Zaidi, Minister for Maritime Affairs, on his behalf Mr. Ali Muhammad Khan, Minister of State for Parliamentary Affairs, please move Order No. 32.

Introduction of the Pakistan National Shipping Corporation (Amendment) Bill, 2021

Mr. Ali Muhammad Khan: Sir, I on behalf of Syed Ali Haider Zaidi want to move that the Bill further to amend the Pakistan National Shipping Corporation Ordinance, 1979 [The Pakistan National Shipping Corporation (Amendment) Bill, 2021, as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: Is it opposed? No. The Bill stands referred to the Standing Committee concerned. Order No. 34. Syed Ali Haider Zaidi, Minister for Maritime Affairs, on his behalf Mr. Ali Muhammad Khan, Minister of State for Parliamentary Affairs, please move Order No. 34.

Introduction of the Gwadar Port Authority (Amendment) Bill, 2021

Mr. Ali Muhammad Khan: Sir, I on behalf of Syed Ali Haider Zaidi, Minister for Maritime Affairs, want to move that the Bill further to amend the Gwadar Port Authority Ordinance, 2002 [The Gwadar Port Authority (Amendment) Bill, 2021], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

جناب چیئرمین: اب گوادر میں کیا کرنے لگے ہیں،?Is it opposed روبینہ خالد
آپ بھی، آپ کی کمیٹی کو ہی بھیجنا ہے۔

The Bill stands referred to the Standing Committee concerned. Order No. 36. Mr. Pervez Khattak, Minister

for Defence, on his behalf Mr. Ali Muhammad Khan, Minister of State for Parliamentary Affairs, please move Order No. 36.

Introduction of the Maritime Security Agency (Amendment) Bill, 2021

Mr. Ali Muhammad Khan: Sir, I on behalf of Mr. Pervez Khatak, Minister for Defence want to move that the Bill further to amend the Maritime Security Agency Act, 1994 [The Maritime Security Agency (Amendment) Bill, 2021], as passed by National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: Is it opposed? The Bill stands referred to the Standing Committee concerned. Order No. 38. Senator Mustafa Nawaz Khokhar! please move Order No. 38.

مصطفٰے! اب آپ نے بل پاس بھی کروانا ہے۔جی۔

Introduction of the Al-Karam International Institute Bill,2021

Senator Mustafa Nawaz Khokhar: I seek to move that the Bill to provide for the establishment of the Al-Karam International Institute [The Al-Karam International Institute Bill, 2021], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

جناب چیئرمین: یہ آج پاس کر لیتے ہیں، یا کیا؟ پاس نہیں کرنا۔جی مصطفٰے صاحب! آپ کیا چاہتے ہیں؟

سینیٹر مصطفٰے نواز کھوکھر: جناب! کمیٹی کو refer کر دیں۔

جناب چیئرمین: اتنی desk thumping ہے تو میں نے کہا کہ شاید پاس ہی ہو جائے۔

سینیٹر مصطفٰے نواز کھوکھر: بہت بہت شکریہ لیکن کمیٹی کوreferکردیں۔

Mr. Chairman: The Bill stands referred to the Standing Committee concerned.

شیری رحمٰن! کیا بات ہے؟ پہلے کام کرنے دیں، سوال بعد میں کریں۔جی بتائیں۔

سینیٹر شیری رحمٰن: سوال یہ ہے کہPrivate Member's Billہے اور بہت اچھا ہے کہ ہمارے ممبر کا بل آیا، بہت اچھی بات ہے لیکن باقی Private Member's Billصرف Mondayکو کیوں آتے ہیںnormal dayپر کیوں نہیں آتے؟

جناب چیئرمین: یہ آج اس لیے لگایا تھا کہ کمیٹی اس پر کام کرے کیونکہ یہ چار مہینے سے pendingتھا اور انہوں نے نوٹس بھی دیا ہوا تھا۔اس لیے آج میں نے خصوصاًاجازت دے دی تھی، رضا صاحب! شکریہ۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: اس طرح تو میرا بھیpendingتھا۔

جناب چیئرمین: آپ کا بھی کردیں گے، آپ کی خاطر اجلاس جلدی بلالیں گے۔ مصطفٰے! دیکھ لو آپ کے لیے ایسے ہیdesk thumpingہو رہی تھی۔

Order No. 40. We will now take up Order No. 40 which is further consideration of the following motion moved by Mr. Shaukat Fayaz Ahmed Tarin, Minister for Finance and Revenue, on 11th June, 2021 that the Senate may make recommendations to the National Assembly on the Finance Bill, 2021, containing the Annual Budget Statement, as required under Article 73 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

جی جناب! آپ نے کرلی تھی نا۔جی اچھا۔

سینیٹر سید یوسف رضا گیلانی: میں نے صرف ایک اسی پر بات کرنی تھی۔ہم نے پہلے بھی کہا تھا کہ Cabinetکیcollective responsibilityہے کہ وہ اپنےissueپر خود آئیں اور آپ کی rulingsبھی ہیں کہ ان کو آنا چاہیے۔ان کے نام ہم T.Vپر بہت سنتے ہیں مگر کبھی ان کی زیارتیں بھی مفت کروادیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی۔جناب فیصل سبزواری صاحب۔رضا صاحب! کل دو دفعہ ڈپٹی چیئرمین نے آپ کو کہا لیکن آپ نے کہا کہ میں آج تقریر نہیں کروں گا۔ رضا صاحب! دیکھیں ایسے نہ کریں۔جی فیصل سبزواری صاحب! پلیز۔

Further discussion on the Budget 2021-22

Senator Syed Faisal Ali Subzwari

سینیٹر سید فیصل علی سبزواری: جناب چیئرمین! شکریہ۔

یہ لوگ جس سے اب انکار چاہتے ہیں
وہ گفتگو در و دیوار کرنا چاہتے ہیں
اور اس سے پہلے کہ ثابت ہو جرم خاموشی
ہم اپنی رائے کا اظہار کرنا چاہتے ہیں

جناب چیئرمین! بجٹ 2021 قومی اسمبلی میں پیش کیا گیا اور اس کے بعد سینیٹ میں آیا، میری خوش بختی کہ Senate Standing Committee on Finance میں مجھے اس بجٹ میں۔۔۔

جناب چیئرمین: جناب والا! On a lighter mood خوش بخت شجاعت اب retire ہو گئی ہیں۔جی۔

سینیٹر سید فیصل علی سبزواری: جناب! اسی لیے میں ان کی جگہ یہاں پر آ گیا۔تو جناب! خوش بختی یہ ہے کہ Finance Committee کے توسط سے نہ صرف Finance Bill کو سارا clause by clause پڑھنے کا موقع ملا اور نہ صرف اس کے section, sub-sections کو بھی پڑھا بلکہ چیئرمین قائمہ کمیٹی کے اور جناب محترم وزیر خزانہ کے توسط سے یہ بڑی اچھی بات ہوئی کہ ہم نے جو سوچا، جو طے کیا کہ جناب food inflation کے حوالے سے اگر indirect taxation میں اضافہ کیا گیا ہے، اگر تو اس بجٹ میں ایسی چیزیں ہیں کہ جس سے عام آدمی متاثر ہو گا تو ہم نے نہ صرف ان کی سفارشات کیں بلکہ ہمیں ان سفارشات کی منظوری کا عندیہ بھی دیا گیا۔کل بھی محترم وزیراعظم صاحب کے سامنے ہم نے یہ نقطہ اٹھایا کہ جناب! salary class by جو کہ پہلے ہی سے taxed ہے اور پاکستان میں جو طبقہ سب سے زیادہ

proportional tax دیتا ہے وہ تنخواہ دار طبقہ ہے اس لیے براہ مہربانی اس کا جو میڈیکل الاؤنس ہے اور Provident Fund Contribution ہے اس کو خدارا ٹیکس کے دائرے میں نہ لایا جائے، وزیر اعظم صاحب نے اس کو بڑی توجہ سے سنا بھی اور I wish and hope that ابھی جب Finance Minister یہاں پر آئیں گے تو اعلان بھی فرمائیں گے کہ یہ ساری کی ساری چیزیں واپس لے لی گئی ہیں جس طریقے سے internet data پر tax کا معاملہ تھا۔

جناب چیئرمین! بجٹ میں دوسرا aspect ترقیاتی اخراجات کا ہے۔ایک طرف federation کے ترقیاتی اخراجات ہیں اور دوسری طرف وہ اخراجات ہیں جو federation صوبوں کو دیتی ہے جو کہ National Finance Commission کے divisible pool کے ذریعے صوبوں کو جاتا ہے۔ یہ نقطہ یقیناً اہم ہے کہ قومی مالیاتی کمیشن ہو جانا چاہیے اور اس کے بعد ہی بجٹ آنا چاہیے لیکن ساتھ ہی ساتھ یہ نقطہ بھی بہت توجہ طلب ہے کہ قومی مالیاتی کمیشن تو پھر کوئی دس برس پہلے ہوا تھا مگر میں جس صوبے سے تعلق رکھتا ہوں وہاں صوبائی مالیاتی کمیشن 13 برسوں سے نہیں ہوا۔یہ بڑا المیہ ہے کہ ہم دوہرا معیار رکھیں اور federation سے یہ توقع کریں کہ جناب یہاں تو پارلیمان وہ ساری کی ساری چیزیں کرے جو آئین میں تحریر ہیں لیکن جو Federating Units ہیں ان کی بھی آئین پاکستان اتنی ہی ذمہ داری لگاتا ہے جتنی وفاق پاکستان کی ہے تو میں یہ نہیں کر سکتا کہ میں کہوں کہ قومی مالیاتی کمیشن یہاں دیں اس کے بغیر بجٹ پاس نہ کریں اور میں 13 برسوں سے صوبائی مالیاتی کمیشن ایوارڈ پاس نہ کروں اور یہ کہوں کہ میری مرضی۔یہ دو عملی یقین جانیں that it is entire people in its essence کہ جب لوگوں کو یہ احساس ہو کہ ان میں احساس شراکت ہے ہی نہیں۔وہ جس ایوان کے لوگوں کو منتخب کر کے بھیجتے ہیں وہ ایوان وفاق میں ہو یا صوبوں میں اپنی brute majority کی بنیاد پر لوگوں کی aspirations کو،ان کی خواہشات کو،امنگوں کو، توقعات کو دبا دے تو یہ زیادتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ کوئی بھی جمہوری روایت اور آئین کی شک اس کی اجازت نہیں دیتی۔

محترم چیئرمین! وفاقی حکومت نے میرے شہر کراچی کے لیے کئی ترقیاتی منصوبے رکھے ہیں جس پر میں شکر گزار ہوں حالانکہ کراچی شہر کا پاکستان کے خزانے میں جو contribution ہے

اور اس کے برعکس کراچی شہر کی جتنی ابتر صورت حال ہے اس میں تو وفاقی اور صوبائی دونوں حکومتوں کو پاکستان کے financial engine کو چلانے کے لیے اپنے خزانوں کا منہ کھول دینا چاہیے کیونکہ اگر آپ کراچی میں infrastructure develop کریں گے، وہاں پر investment کریں گے تو اتنا ہی زیادہ وفاق میں contribution بڑھائیں گے، زیادہ taxes collect کریں گے، زیادہ revenue generate کریں گے۔ بدقسمتی سے المیہ یہ ہے کہ کراچی شہر کو اسی بحث میں الجھا دیا گیا کہ کس کی ذمہ داری ہے اور کس کی نہیں ہے اور اس بحث میں اگر کوئی متاثر ہے تو ایک کراچی کے عوام اور دوسرا پاکستان۔ جناب چیئرمین! خدارا میرے شہر کے حوالے سے جو کہ پاکستان کا معاشی دارالحکومت ہے، پاکستان کے خزانے کو اتنا بڑھاتا ہے کہ حکومتیں 500,600 ارب سے لے کر اب 900 ارب کا PSDP announce کرنے کے قابل ہوتی ہیں۔ اگر اس شہر پر وفاق توجہ نہیں دے گا اور بدقسمتی سے کیونکہ صوبائی حکومت بھی توجہ نہیں دیتی، یہ بڑی بدقسمتی ہے کہ پاکستان کے کسی بھی شہر میں آپ چلے جائیں تو وہاں پر BRT اور بے شک آپ پشاور کا کتنا بھی مذاق اڑائیں لیکن بن گئی، گیلانی صاحب تشریف رکھتے ہیں، ملتان میں بھی بن گئی، لاہور میں بن گئی، میرے شہر میں ٹوٹی کھڑکیوں اور ٹوٹی کرسیوں والی میری پیدائش سے پہلے 1970 کی mini buses چل رہی ہیں اور کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ کون توجہ دے گا؟ BRT Peshawar پشاور کے میئر نے نہیں بنائی، Multan BRT ملتان کے میئر نے نہیں بنائی، Lahore BRT لاہور کے میئر نے نہیں بنائی جناب چیئرمین۔ جن حکومتوں کا اختیار ہے، جن کی executive authority ہے، جو آئین کے تحت اس اتھارٹی کو enjoy کرتے ہیں، جن کے ایک دستخط سے resources کا بتایا جاتا ہے کہ کہاں جائیں گے اور کہاں نہیں جائیں گے۔ ان کی عدم توجہی ہی پاکستان کا معاشی انجن برداشت نہیں کر سکتا۔ جناب چیئرمین! یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ کراچی شہر کے لیے K-4 پانی کا ایک عظیم منصوبہ جو کہ محض کاغذوں کی نذر ہو چکا تھا حالانکہ پچھلی وفاقی حکومت نے اس وقت پیسے رکھے اور اپنا contribution دے دیا۔ میاں نواز شریف صاحب کے زمانے میں کوئی ساڑھے بارہ سو روپے دیے گئے تھے۔ اس کے بعد عمران خان صاحب تشریف لائے۔ اس میں چونکہ وفاقی حکومت کا share نہیں تھا وہ بھی دیا لیکن سوال یہ ہے کہ اس پانی کے منصوبے کے لیے میں کس کی جانب دیکھوں۔ کراچی واحد شہر ہے کہ محترم مولا بخش

چانڈیو صاحب اور محترم ڈاکٹر سکندر مندھرو صاحب اس روز فرمارہے تھے کہ جناب صوبے کا وفاق سے معاہدہ ہے کہ اتنا اتنا پانی ملنا چاہیے۔ میں نہایت احترام کے ساتھ ان دونوں صاحبان کے ساتھ چلا گیا کیونکہ وہ میرے پرانے ساتھی ہیں۔ میں نے یہ دریافت کیا کہ چلیں IRSA کے تحت وفاق کا صوبوں کے ساتھ تو معاہدہ ہے کہ صوبے کو اتنا اتنا share ملنا چاہیے۔ کیا صوبہ بھی اپنے ضلعوں اور شہروں کے لیے کوئی ایسی justification رکھتا ہے کہ اگر سو لوگ سندھ میں بستے ہیں اور ان میں سے کوئی 40 and 35 ,30 لوگ کراچی میں بستے ہیں تو انہیں 35 ,30 کی جگہ 3 افراد کا پانی نہ دیا جائے۔ جناب چیئرمین! یہ وہ سوال ہے کہ جو میں آج اس ایوان کے توسط سے وفاق پاکستان سے کر رہا ہوں۔ میں اس وقت کابینہ کا رکن تھا۔ محترم وزیر اعلیٰ صاحب سے جب پانی کا شکوہ کیا گیا تو جواب میرے کانوں نے جو سنا جس پر ایک آئین، قانون اور سیاست کے طالب علم کی حیثیت سے مجھے بھی تھوڑی حیرانی ہوئی کہ جناب آپ مشترکہ مفادات کونسل میں جائیں۔ صوبائی وزیر نہیں جاتا۔ یہ وزیر اعلیٰ کی اپنے اپنے صوبوں کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ مشترکہ مفادات کونسل جائیں اور وہاں پر اپنا مقدمہ لڑیں۔ آج صورت حال یہ ہے کہ جو جعلی آبادی کراچی کی گنی گئی ہے اس کے باوجود 1200 million Gallon روزانہ کی requirement ہے۔ کراچی کو اس وقت 425 million Gallon پانی ملتا ہے۔ اس میں pilferage ہے، چوری ہے اور غیر قانونی hydrous ہیں۔ میرے نہیں ہیں حکمرانوں کے ہیں۔ یہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کا کام ہے کہ وہ پکڑیں اور پوچھیں کہ وہ پانی کیوں چوری کیا جارہا ہے۔ پانچ ہزار روپے دوں تو ٹینکر کے ذریعے میرے گھر میں پانی آجاتا ہے۔ مجھے لائن میں پانی نہیں دیا جاتا۔ کراچی شہر میں لائنیں ڈالنا بند کریں۔ یہ پانی وفاق سے آرہا ہے۔ یہ ایک فیڈریشن ہے۔ فیڈریشن federating units پر آکر ختم نہیں ہوتی۔ Federating units نے ان لوگوں کے حق کو تو protect کرنا ہے۔ رضا ربانی صاحب ابھی تشریف نہیں رکھتے۔ اٹھارھویں ترمیم بہت زبردست بات تھی۔۔۔۔

جناب چیئرمین: وہ لابی میں آپ کو سن رہے ہیں۔

سینیٹر سید فیصل علی سبزواری: جی، کہ آئین پاکستان کی روح کے حساب سے جو ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے بنایا تھا صوبوں کو خود مختاری دی گئی اور ہم یہ صوبائی اسمبلی میں سنتے تھے کہ ایک اسلام آباد ہمارے وسائل اور اختیارات پر قابض ہو کر بیٹھا ہے۔ جناب چیئرمین! نہایت معذرت کے

ساتھ اٹھارھویں ترمیم تو پاس ہو گئی لیکن جب ہم نے اس پر صدق دل سے عمل نہیں کیا تو آج ایک اسلام آباد نہیں چھوٹے چھوٹے اسلام آباد بنے ہیں۔ وہ اختیار اور وسائل جو کہ عام آدمی کو اس کی دہلیز تک پہنچنا اور ملنا چاہیں اس تک پہنچ نہیں رہے۔ جناب چیئرمین! اسی اٹھارھویں ترمیم میں آئین کا Article 140 (a) وفاقی حکومت نے پچھلے سال میرے صوبے کے ساتھ 840 ارب روپے کا National Divisible Pool سے وعدہ کیا تھا۔ اس 840 ارب روپے کا عُشرِ عشیر بھی مقامی حکومتوں کے پاس نہیں گیا جبکہ Article 140 (a) یہ کہتا ہے کہ صوبائی حکومتیں ایسی بلدیاتی حکومتوں کا انتخاب کروا کر انہیں financial, administrative and fiscal authority transfer کریں گی۔ نہیں کر رہی ہیں۔ صوبائی حکومتیں سمجھتی ہیں، میں اپنے صوبے کی آپ کو مثال دیتا ہوں۔ جناب چیئرمین! میں سپریم کورٹ آف پاکستان کے سامنے درخواست گزار ہوں کہ جس طرح آپ نے Article 63 (i) (c) کو define کیا تھا کہ دوہری شہریت کا حامل رکن پارلیمان ہو سکتا ہے یا نہیں ہو سکتا۔ خدارا! Article 140 (a) کو بھی define تو کریں۔ لوگوں کا کیا قصور ہے۔

میں سینیٹر بنا ہوں۔ اپنے پرانے حلقے میں گیا۔ لوگ کہہ رہے ہیں کہ sewerage کا پانی میرے گھر کے سامنے کھڑا ہوا ہے۔ میں انہیں یہ بتاؤں کہ یہ سینیٹر کا کام نہیں ہے، MNA and MPA کا کام نہیں ہے بلکہ یہ مقامی حکومت کا کام ہے۔ جب مقامی حکومت موجود تھی تو اس کا دروازہ جب کھٹکھٹائیں تو وہ بتاتے ہیں کہ میئر کراچی کے پاس sanitation کا اختیار صوبائی حکومت نے نہیں چھوڑا۔ صوبائی حکومت نے اسمبلی کے ذریعے پانی کا اختیار لے لیا ہے۔ Sewerage کا اختیار لے لیا ہے۔ Building control کا اختیار لے لیا ہے۔ تو وہ کہتے ہیں کہ بھئی یہ کونسا نظام ہے کہ میں اسلام آباد میں تو کہوں کہ National Finance Commission دو اور کراچی میں کہوں کہ Provincial Finance Commission نہیں دوں گا۔ اسلام آباد میں کہوں کہ Public Accounts Committee کی Chairmanship اپوزیشن کے پاس ہونی چاہیے۔ کراچی میں کہوں کہ نہیں Public Accounts Committee کی Chairmanship صوبائی اپوزیشن سے نہیں ہونی چاہیے۔ اسلام آباد میں تو کہوں کہ وفاقی اکائی کو اتنے پیسے دو اور کراچی میں کہوں کہ ضلعوں اور شہروں کو پیسے نہیں دینا۔ جناب چیئرمین! خدارا!

ہم، آپ اور یہ آئین اس ملک کے لوگوں کے لیے ہے۔ ہماری محض تقریروں سے ان کو کوئی فائدہ نہیں ہوتا کہ علاج غم نہیں کرتے فقط تقریر کرتے ہیں۔لوگوں کا ہم سے یہ شکوہ رہا ہے۔ اس کو دیکھا جائے۔ جناب چیئرمین ! میں تو بچپن سے چھوٹے موٹے گلی محلے کے سکول سے پڑھا ہوں اور گلی محلے کے کالج سے پڑھا ہوں۔ کراچی یونیورسٹی سے معاشرتی علوم پڑھتے تھے۔ ہم یہ پڑھتے تھے کہ Pakistan is an agrarian economy. صوبائی اسمبلی میں گئے۔ جب وہاں پر اخراجات اور محاصل دیکھے تو پتا یہ چلا ہے کہ صوبائی حکومت کا بھی focus یہی ہوتا ہے، ہر صوبائی حکومت کا۔ میرے صوبے کا کم از کم۔ کیونکہ وہ agricultural ہے اور یہ ثابت کیا جائے۔ بہت اچھی بات ہے کہ پیسے دیے جائیں۔

میرا سوال ہے جو میں نے چیئرمین قائمہ کمیٹی فنانس کے توسط سے محترم وزیر خزانہ سے بھی کیا کہ یہ possible نہیں ہے کہ one fifth of the GDP if it comes from agricultural income اور آئین مجھے یہ کہتا ہے کہ every income is taxable تو میں income tax Ordinance کی اس بات کو کہ agricultural income کو اس طریقے سے لے جا کر define کرتا ہوں کہ جناب میرے دوست، میرے ساتھ اسمبلی میں بیٹھنے والے اور یہ میں سچا واقعہ سنا رہا ہوں۔ میں نے یہاں حلف لیا۔ کہ لاہور میں ملے، دس بارہ برس پہلے، کیوں ملے کہ میں car racing میں آیا ہوں اور صاحبزادے کو Jaguar دلائی ہے۔ میں نے کہا کہ میں اور میرے والد میرے موصوف دوست سے زیادہ ٹیکس دیتے ہیں کیونکہ ہم salaried class ہیں۔ ہمارا ٹیکس تو کٹ جاتا ہے لیکن جو صاحب Jaguar afford کر سکتے ہیں ان کا ٹیکس اگر آئین کی کسی definition کے تحت، اگر Income Tax Ordinance کی definition کے تحت نہیں آ رہا تو کیا ہم نہیں سوچیں گے۔ ہمیں نہیں سوچنا چاہیے کہ آپ already tax کو squeeze کیے جا رہے ہیں اور جو taxable income ہو سکتی ہے، potential ہے اور جہاں پیسے جا رہے ہیں۔ مثال کے طور پر میرے صوبے میں پچھلے سال 272 ارب روپے مختص کیے گئے تھے۔ صرف کراچی شہر سے، اور وہ وفاقی خزانے میں ہی ultimately آتے ہیں اس لیے it is very much relevant. صرف ٹریفک پولیس نے کراچی شہر سے ٹریفک چالان کی مد میں 61 کروڑ جمع کیے تھے۔ چلیں وہ تو کر لیے

ہیں۔ کم از کم 200 billion جو کہ agricultural side میں rural area کو گئے ہیں۔ آپ کو پتا ہے کراچی شہر سے پچھلے برس general sales tax on services 225 billion روپے collect کیے گئے ہیں and on the other hand ہمارے دوست تو کہتے ہیں کہ agriculture تو صوبوں کا subject ہے۔ اچھا تو صوبے کر کیا رہے ہیں۔ میرے صوبے میں یہ ہوا کہ خزانہ جو کہ بھرنا چاہیے تھا تاکہ پاکستان کے خزانے میں زیادہ پیسے آتے۔ ہوا یہ کہ محض 56 کروڑ روپے agriculture income tax کے نام پر جمع ہوئے ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ وہ anomalies ہیں جن کو دیکھے بغیر ہم اپنے خزانے کو بھر نہیں سکیں گے۔ Already taxed کو tax کیے جائیں گے اور ایک طوائف الملوکی اور انارکی کی جانب ہم جائیں گے۔

جناب چیئرمین! میں ایک اور بات آپ کے توسط سے ضرور کرنا چاہوں گا کہ جناب عدالت عدل کا نام ہے۔

جناب چیئرمین: تھوڑی میری گزاش ہے کہ وقت کا خیال رکھیں کیونکہ آج جمعہ ہے اور باقی ساتھی بھی ہیں۔ بڑی مہربانی۔

سینیٹر سید فیصل علی سبزواری: میں ویسے بھی اختصار سے تقریر کرنے والا ہوں۔

جناب چیئرمین: اختصار شیری والا نہ بتانا۔

سینیٹر سید فیصل علی سبزواری: جناب! میں وفاقی حکومت کا بہت شکریہ ادا کرتا ہوں کہ 2017 میں یہاں مردم شماری ہوئی۔ اس مردم شماری کے بارے میں کم و بیش سب کا یہ ماننا تھا کہ جناب وہ درست نہیں ہے۔ اس پر پارلیمان نے قرارداد پیش کی کہ کم از کم پانچ فیصد رہائشی بلاکس کا آڈٹ کیا جائے۔ وہ معاملہ مشترکہ مفادات کی کونسل میں چلا گیا کہ آڈٹ ہوگا اور اس کے بعد کچھ نہیں ہوا۔ ایک آئینی ترمیم کے تحت پچھلی مردم شماری پر حلقہ بندیاں ہوئیں، انتخابات ہو گئے اور کچھ نہیں ہوا۔

جناب چیئرمین! جہاں ہم ایک طرف اس بات پر شاکی تھے کہ ان پانچ فیصد رہائشی بلاکس کا آڈٹ کیوں نہیں کیا جا رہا، ساتھ ہی ساتھ ہم اس بات سے بھی آگاہ تھے کہ تین چار برس گزرنے کے بعد آپ کسی بھی بلاک میں آڈٹ کریں گے تو وہ چار پانچ برس پرانے ریکارڈ کو match نہیں

کرے گا۔ اس آڈٹ سے ہمارا مطمع نظر یہ تھا کہ جہاں غلطیاں ہیں، جہاں کوتاہیاں ہیں ان کو دور کیا جائے۔

ہم نے وفاقی حکومت سے استدعا کی، وزیراعظم کا میں شکر گزار ہوں کہ اس بات کو وفاقی کابینہ نے مانا کہ جناب، ایک نئی مردم شماری 2023 سے پہلے کی جائے گی۔ اس بجٹ میں اس کے لئے پانچ ارب روپے مختص کر دیئے گئے ہیں جس پر میں بہت شکر گزار ہوں لیکن I was one of the petitioners جب یہ رہائشی بلاکس کی سکیم آئی تھی۔ کاش سپریم کورٹ اس کو timely mannerمیں سن لیتی کیونکہ میں نے اس زمانے ایسے ایسے *suo motu* noticesدیکھے تھے کہ برائیلر مرغی کا انڈہ مضر صحت ہے یا نہیں ہے۔

جناب! کراچی شہر کے ڈیڑھ کروڑ لوگ ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ ہمیں صحیح نہیں گنا گیا۔ ان کے وسائل ان کو نہیں دیئے جارہے، ان کو اس حساب سے تعلیم، نوکری نہیں دی جارہی، ان کو پانی نہیں دیا جارہا۔ اور یہ پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے اور پاکستان کو چلاتا ہے۔

جناب والا! اسی طریقے سے عدالت سے ہاتھ جوڑ کر استدعا ہے کہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ پنجاب حکومت ہاؤسنگ سوسائٹیوں کو regularise کررہی ہے۔ بہت اچھا کام ہے اگر لوگوں کی فلاح کی لئے ہورہا ہے تو ہونا چاہیے۔ جناب چیئرمین! ہم نے اسی اسلام آباد میں دیکھا One Constitution Avenueبن گیا، سی ڈی اے نے کہا کہ قانون کی خلاف ورزی ہے، یہ ہے وہ ہے۔ عدالت نے سرزنش کس کی کی؟ سی ڈی اے کی اور یہ کہا کہ third party interest create ہوگیا ہے اس لئے اس کو نہیں گرائیں گے۔ کراچی میں وہ third party interestکہیں سامنے نہیں آرہا۔ الٰہ دین پارک ہو، نسلہ ٹاور ہو، گجر نالے، اورنگی نالے میں lease لئے ہوئے لوگ ہوں، ان کو گرایا جارہا ہے۔ اور یہ بدقسمتی ہے کہ نالوں کی صفائی کی اس مہم میں یہ ہورہا ہے کہ جس میں وفاقی، صوبائی حکومت اور اس وقت کی لوکل حکومت، یہ سب شریک تھے۔ لوگ ہماری جانب دیکھ رہے ہیں۔ یہ میرا نہیں وفاقی اور صوبائی حکومت کا بھی اتنا ہی فرض ہے اور ان سے زیادہ عدالت کا کہ عام سائل کی فریاد شاید ہم تک نہ پہنچ پائے، عدالت تک تو پہنچنی چاہیے ورنہ کراچی کے لوگ یہ کہہ رہے کہ ایسا کیا جائے کہ یا تو carpet bombingکردی جائے مختلف آبادیوں کے اوپر، ایک مثال ہے ہمارے پاس کہ لیاری ایکسپریس وے بنانا تھا، حکومت نے طے

کیا، لوگوں کو وہاں سے ہٹانا تھا، resettle کرنا تھا تو ان کو پیسے دیئے، پلاٹ دیئے اور لوگ وہاں رہ رہے ہیں۔

